© rasailojaraid.com



**وقت کی اہم ضرورت** | آپ کا ماہنامہ "الحق" باقاعدگی سے ملتا ہے۔ مضامین نہایت دلچسپ اور مدلل ہوتے ہوئے موجودہ وقت کا تقاضا پورہ کرتے ہیں۔ دیگر اُردو جاننے والے حضرات کو بھی مطالعہ کے لئے دیا جاتا ہے، جو کہ اس سے کافی معلومات حاصل کرتے ہیں۔ چونکہ بہت کم لوگ اردو پڑھ لکھ سکتے ہیں۔ اس لئے بعض مسلم حضرات جو کہ اسلام سے دلچسپی رکھتے ہیں لیکن اردو نہ پڑھ سکنے کی وجہ سے الحق کے فائدہ مند مضامین سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ خدا کرے کوئی ایسا مسلمان مل جائے جو اچھی انگریزی جانتا ہو۔ اور ان مضامین کا انگریزی ترجمہ شائع کر سکے تاکہ مغربی ممالک میں جہاں اسلام کو غلط رنگ میں پیش کیا جا رہا ہے۔ یہاں کے لوگوں کو اسلام صحیح رنگ میں پیش کیا جا سکے۔ یہاں پر جب بھی عیسائیوں سے کوئی ایسی بات ہوتی ہے تو وہ اسلام سے ناواقفی کی وجہ سے عیسائی پادریوں کا اسلام کے متعلق غلط پروپیگنڈا پیش کرتے ہیں۔ حالانکہ مغرب کے لوگ عیسائیت تو کیا کسی مذہب سے بھی تعلق نہیں رکھتے۔ ماسوائے چند پادریوں کے باقی اکثریت لامذہب ہیں۔ اور مجھے امید ہے کہ اگر اسلام صحیح رنگ میں پیش کیا جائے تو بہت اچھا نتیجہ برآمد ہوگا۔ کیونکہ یہاں کے عوام لامذہبی اور عیسائیت سے بالکل بیزار ہو چکے ہیں۔
آپ کے ماہنامہ الحق بابت ماہ اکتوبر ۱۹۶۸ء میں مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کے زیر عنوان مضمون میں مولانا صاحب کی کتاب "اظہار الحق" کا ذکر کیا گیا ہے۔ اگر اس کتاب کا انگریزی ترجمہ دستیاب ہو تو برائے کرم جہاں سے یہ کتاب مل سکے کا مکمل پتہ لکھ دیویں۔ تاکہ میں اس کی ایک کاپی منگوا لوں۔
فقط۔ والسلام۔　　احقر شیر بہادر خان دی ہیگ۔ ہالینڈ

---

**اصل حق نوازی** | مکرمی! آپ ہر سال میرے لئے "الحق" کا ایک پرچہ اور دیگر کسی پانچ اداروں ہسپتال، اسکول، مدرسہ (جہاں آپ مناسب سمجھیں) ارسال کر دیا کریں اور تمام رقم کی وی پی مجھے کر دیا کریں۔ میرا حافظہ چونکہ کمزور ہے۔ اس لئے مجھے یاد نہیں رہتا ورنہ میں خود رقم آپ کی خدمت میں ارسال کر دیا کرتا۔
محترمی! الحق کی خدمت کرنا کسی پر احسان کرنا نہیں بلکہ اپنی عاقبت سنوارنا ہے۔ اگر اسی معمولی سی خدمت سے راضی ہو کر ہم گناہ گاروں کو وہ رب رحیم و کریم بخش دے تو اس سے عمدہ سودا اور کیا ہو سکتا ہے۔　　فقط والسلام

ایک اہل خیر ۔۔۔ نزبیلہ ڈیم

---